DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 29-10-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وزیراعلیٰ بزنجو کی خصوصی ہدایت پر گوادر کو پانی کی سپلائی بحال | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔ملکی مفاد کے منافی سرگرمیوں کی ہرگز اجازات نہیں دی جاسکتی،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔وفاق بلوچستان کے کوٹے پر بھرتی کا عمل یقینی بنائے،آغا حسن بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔وفاقی حکومت بلوچستان کے سیلاب متاثرین کو کسی بھی صورت تنہا نہ چھوڑے گی،احسن اقبال | مشرق ودیگراخبارات |
| 5۔یہ وقت سیاست کا نہیں ہماری توجہ متاثرین کی بحالی پر ہے،محمد خان لہڑی | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔چیف سیکرٹری بلوچستان نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کوارٹر فائنل مقابلوں کا فیصلہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 7۔سیلاب زدہ علاقوں میں 90 فیصد نقصانات کا جائزہ لیا گیا،آئی ایس پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔چیف جسٹس بلوچستان نے سیشن کورٹ کے سامنے فائرنگ کا نوٹس لے لیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔ایف سی کی جانب سے چمن اور صحبت پور میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔پاک فوج وایف سی کے 5 میڈیکل کیمپوں میں 15 سو سیلاب متاثرین کا علاج | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔سول ہسپتال کوئٹہ کے غیر حاضر اسٹاف کو اظہار وجوہ نوٹسز جاری | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔سیکرٹری صوبائی محتسب ہاشم ندیم چیف ایڈیٹر ہونگے | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔لیویز فورس عوام کی محافظ جدید تربیت واسلحہ سے آراستہ کرینگے، | انتخاب ودیگراخبارات |
| 15۔سیلاب سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت مکمل کوئٹہ میں پریشر آج سے بحال ہوجائے گا | انتخاب ودیگراخبارات |
| 16۔کوئٹہ میں پانی کی قلت دور کرنے کیلئے فنڈز کرپشن کی نذر ہوجاتے ہیں،جماعت اسلامی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17۔ کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں مسلح گروہوں کا راج ہے،بلوچستان بار کونسل | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ فائرنگ کے واقعے میں نامزد ملزمان گرفتار اسلحہ برآمد،دکی مسلح افراد کی کوئلہ کانوں کے کمپریسر اور پانی کی ٹنکیوں پر فائرنگ،دکی جرم ثابت ہونے پر ملزم کو پانچ سال قید وجرمانہ،ہرنائی دو گروپوں میں تصادم چار افراد زخمی

## عوامی مسائل

صوبائی دارلحکومت میں تجاوزات کی بھرمار ٹریفک جام معمول بن گیا،دو ٹیوب ویل ہونے کے باوجود جعفر علی سٹریٹ کے مکین پانی سے محروم،انجمن تاجران کی جانب سے 31 اکتوبر کو کوئٹہ کراچی شاہراہ پر احتجاج ہوگا۔

**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ 29-10-2022**

**اداریہ**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں صحت کا شعبہ، موجودہ حکومت کی توجہ کا طلبگار**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں صحت کے شعبے پر خطیر رقم ہر بجٹ میں مختص کرنے کے باوجود کوئی بڑی تبدیلی دیکھنے میں نہیں آرہی بلوچستان کے سب سے بڑے سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات سے لے کر چھوٹے بڑے شہر اور دیہاتوں کے سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کے مسائل اپنی جگہ برقرار ہیں پچھلی حکومتوں کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے میں انقلاب لایا جائے گا عوام کو ان کی دہلیز پر تمام تر سہولیات میسر آئینگی مگر افسوس کہ صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی، بلوچستان کے غریب عوام علاج ومعالجے کی غرض سے دیگر صوبوں کا رخ محض اسلئے کرتے ہیں کہ بلوچستان کے ہسپتالوں میں سہولیات دستیاب نہیں جسے دیکھنا ضروری ہے تاکہ غریب عوام کی مشکلات میں کمی آسکے گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے فاطمہ جناح چیسٹ ڈیزیز انسٹیٹوٹ کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ صحت کا شعبہ انتہائی اہم اور ضروری ہے اس کی ترقی اور ہسپتالوں کو جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے ماضی کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑے پیمانے پر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اس اہم شعبے کے اندر موجود معاملات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے انہیں حل کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے تاکہ عوام کا دیرینہ مسئلہ صحت کے حوالے سے حل ہوسکے۔

**ادریہ**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے '**عدم استحکام سیاست بند گلی میں تونہیں جا رہی ؟**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 29 OCT 2022 Page No. 1

Bullet No. 1


## وزیر اعلیٰ بزنجو کی خصوصی ہدایت پر گوادر کو پانی کی سپلائی بحال

### واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے سپلائی معطل تھی، پٹرول کی مد میں 25 ملین روپے جاری

گوادر (خ ن) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ایک اعلامیہ کے مطابق وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی خصوصی ہدایت کے مطابق گوادر کو پانی کی فوری فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں، ضلع گوادر کو پانی کی مکمل سپلائی کے عمل کو بحال کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پٹرول کے اخراجات کی مد میں 25 ملین روپے جاری کر کے پانی کی فراہمی مکمل طور پر بحال کر دی گئی ہے اس سے قبل گوادر کو پانی کی فراہمی کچھ عرصے کے لئے ٹھیکیدار کی جانب سے واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے معطل ہو گئی تھی اس حوالے سے چیف انجینئر ساؤتھ کی سربراہی میں ایک تکنیکی ٹیم نے ضلع کی تمام واٹر سپلائی اسکیموں کا مکمل سروے کیا تا کہ پیٹرول کی اصل کھپت کا تعین کر کے اس کے مطابق فنڈز کا بندوبست کیا جا سکے اور کچھ اسکیموں کو شمسی توانائی پر منتقل کر کے لاگت کو کم سے کم کرنے کا حل تلاش کیا جا سکے۔ پٹرول کی لاگت کم کرنے کے لئے کچھ اسکیموں کو بجلی پر منتقل کیا جائے کمیٹی نے سفارشات کے ساتھ اپنی رپورٹ پیش کر دی جس میں سفارش کی گئی ہے کہ جی ڈی اے کے آئندہ گورننگ باڈی کے اجلاس میں گوادر ٹاؤن کے لئے سول واٹر سپلائی ایجنسی کا کیس منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا جبکہ پی ایچ ای اور جی ڈی اے شہر کو پانی کی ہموار فراہمی کو یقینی بنائیں گے کمیٹی نے پٹرول کے واجبات کی خصوصی آڈٹ کرانے کی تجویز بھی پیش کی ہے۔

## ملکی مفاد کے منافی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی، مشیر داخلہ

اعلیٰ سطحی اجلاس
امن وامان کا جائزہ لیا گیا

پولیس کا کام عوام کی حفاظت اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے، ضیاء لانگو کا اجلاس سے خطاب، امن وامان کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

کوئٹہ(خ ن) مشیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ کی زیر صدارت امن وامان کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس ہوا۔ جس میں صوبے میں امن عامہ کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ کو امن وامان کی صورتحال کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم اور ایڈیشنل آئی جی سلمان کی جانب سے مشیر داخلہ کو عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ صوبہ بھر میں جرائم کی روک تھام کیلئے مشترکہ اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن ڈی آئی جی کوئٹہ اظفر مہیسر، ڈی جی لیویز قادر بخش پرکانی، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ شہاب عظیم لہڑی، جبکہ کمشنر مکران، کمشنر قلات، کمشنر رخشاں نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت جبکہ دیگر حساس اداروں کے اعلیٰ حکام نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ جرائم کی روک تھام کیلئے تمام اداروں کو متفقہ طور پر مزید کردار ادا کرنا ہوگا مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں کیونکہ ملکی مفاد کے منافی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اجلاس میں مشیر داخلہ نے ہدایت دی کہ صوبے میں آپس کے تنازعات کی وجہ سے عوام کے روز مرہ کے معمولات میں کسی کو خلل نہیں ڈالنے دیں گے اور سنگین جرائم میں ملوث اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے صوبہ بھر میں بھرپور مہم چلانے کا حکم دیا۔ انہوں نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے ہفتہ وار رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں مشیر داخلہ نے کہا کہ قتل، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر جرائم کے سدباب کیلئے ٹھوس حکمت عملی بنائی جائے۔ کیونکہ امن وامان کی صورتحال کا باقاعدگی سے خود جائزہ لے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی کے تحت کارروائی کی جائے۔ میر ضیاء صوبے میں امن عامہ کی فضا برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبے کے تمام علاقوں میں امن وامان کا قیام اور عوام کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور پولیس کا کام عوام کی حفاظت اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے۔ تمام ادارے عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ مشیر داخلہ نے مزید ہدایات دی کہ پولیو ورکرز کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں اور متعلقہ علاقوں کے ڈی آئی جیز خود پولیو مہم کے دوران ورکرز کی سیکورٹی کا باقاعدگی سے جائزہ لیں۔

## وفاق بلوچستان کے کوٹے پر بھرتی کا عمل یقینی بنائے، آغا حسن بلوچ

جعلی ڈومیسائل پر بھرتیوں کی تحقیقات کرکے ذمہ داروں کو سامنے لایا جائے، گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ سے میر جالب بلوچ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال اور بلوچستان میں ملازمتوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وفاقی وزیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے لئے 6 فیصد کوٹہ مختص ہے جس پر مکمل عمل درآمد نہیں کیا جارہا مرکزی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اس پر فوری عمل درآمد کو یقینی بنائے اور تمام محکموں/اداروں میں بلوچستان کوٹے کی خالی اسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا جائے انہوں نے کہا کہ بی این پی کی کوشش ہے کہ ہر طبقہ فکر کی نمائندگی کی جائے اور ان کے معاملات ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں وہ لوگ جن کا تعلق دیگر صوبوں سے ہے ان کو طویل عرصے سے بلوچستان کا جعلی ڈومیسائل جاری کیا جاتا رہا ہے جس کی بنیاد پر ان کو سرکاری محکموں میں بھرتی کیا جاتا ہے جو کہ بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہے اس معاملے کی تحقیقات کرکے حقائق اور ذمہ داروں کو سامنے لایا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## وفاقی حکومت بلوچستان کے سیلاب متاثرین کو کسی بھی صورت تنہا نہ چھوڑیگی، احسن اقبال

مرکزی حکومت ورلڈ بینک سے 500 ملین ڈالرز کے فنڈز کی فراہمی کے حوالے سے بات چیت کریگی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ جلد از جلد فنڈز ریلیز کروائے جائیں

متاثرین کی از سر نو بحالی' آبادکاری' جانی و مالی نقصانات کے ازالے' انفراسٹرکچر' سولر سسٹم کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جائینگے

سیلاب متاثرین کیلئے وفاقی حکومت کے اقدامات قابل تحسین، مزید مثبت اقدامات اٹھائے جائیں، آغا حسن بلوچ، نوابزادہ خالد مگسی، ہاشم نوتیزئی، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی صدارت میں بلوچستان کے سیلابی نقصانات سے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ' بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ایم این اے نوابزادہ خالد مگسی' وفاقی وزیر مملکت توانائی حاجی ہاشم نوتیزئی' پلاننگ کمیشن کے ایڈیشنل سیکرٹری داود خان بڑیچ نے شرکت کی اجلاس میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے باقاعدہ طور پر احکامات دیئے ہیں کہ بلوچستان کے سیلاب متاثرین کو تنہا نہ چھوڑا جائے

...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

مرکزی حکومت ورلڈ بینک سے 500 ملین ڈالرز کے فنڈز کی فراہمی کے حوالے سے بات چیت کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ جلد از جلد فنڈز ریلیز کروائی جائے مرکزی حکومت باقاعدہ طور پر فیصلہ کرچکی ہے کہ بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی از سر نو بحالی' آبادکاری' جانی و مالی نقصانات کے ازالے' انفراسٹرکچر' زمینداروں کے بندات' سولر سسٹم کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے اجلاس میں یہ کہا گیا ہے کہ مرکزی مخلوط حکومت بلوچستان کے غیور عوام کو مشکل میں تنہا نہیں چھوڑے گی ورلڈ بینک کے تعاون اور مدد سے بلوچستان کے متاثرین کیلئے امداد یقینی بنائے گی اجلاس میں بلوچستان سے رکھنے والے وزراء و اراکین اسمبلی نے حکومت کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ مزید مثبت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی دادرسی ہوسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 29 OCT 2022 Page No. 3


سیلاب نے جہاں دیگر شعبوں کو متاثر وہی محکمہ ایریگیشن کے انفراسٹرکچر کو بھی تباہ کر کے محکمے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا، محمد خان لہڑی

# یہ وقت سیاست کا نہیں ہماری توجہ متاثرین کی بحالی پر ہے، صوبائی وزیر آبپاشی

یہ وقت مشکل کی گھڑی میں پھنسے سیلاب زدگان کی مدد کا ہے لیکن چند ناتجربہ کار سیاستدان ایک بوری راشن پر اپنی سیاسی دکانداری چمکانے کی کوششوں میں مصروف ہیں

سروے کا عمل چند دنوں میں مکمل رپورٹ حکومت کو موصول ہونے کے بعد متاثرین کی بحالی اور گھروں کی مد میں امدادی گرانٹ دینے کا آغاز کریں گے لہڑی ہاؤس ڈی ایم جمالی میں صحافیوں سے گفتگو

بابا کوٹ (اے این این) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان میں ایریگیشن سسٹم کو اربوں روپے کا نقصان پہنچا یا پٹ فیڈر کینال کو 20 روز کے اندر اندر بحال کر کے علاقے میں پانی کی سپلائی شروع کردی گئی تھی یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ سیلاب متاثرین کی مدد کرنے کا ہے صوبائی حکومت سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ سیلاب نے جہاں دیگر شعبوں کو متاثر وہی ایریگیشن کے انفراسٹرکچر کو بھی تباہ کر کے محکمے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کا وقت ہے لیکن چند ناتجربہ کار سیاستدان ایک بوری راشن پر اپنی سیاسی دکانداری چمکانے کی کوششوں میں مصروف ہیں یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ سیلاب متاثرین کی مدد اور بحالی کا ہے انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں انتظامیہ کی جانب سے سروے کا عمل چند دنوں میں مکمل اور صوبائی حکومت کو موصول ہونے پر ان کی بحالی اور گھروں کی مد میں امدادی گرانٹ ملنے کا عمل شروع ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی ہر ممکن ریلیف کا سلسلہ جاری ہے راستے نہ ہونے کی وجہ سے کئی علاقوں میں ریلیف کا سلسلہ شروع نہیں ہو سکا تھا اب راستے بن گئے ہیں ریلیف کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سیلاب متاثرین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی ان کی ہر ممکن امداد یقینی بنائیں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے جلد ہی زمینداروں اور کسانوں کو سبسڈی پر بیج اور کھاد بھی فراہم کرنے کا عمل شروع ہو جائے گا۔

# چیف سیکرٹری بلوچستان نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کوارٹر فائنل مقابلوں کا فیصلہ

**مراد علی (کے پی)، عرفان سعید (واپڈا)، راجہ محمد حسنین (آرمی) اور محمد عدنان (واپڈا) مین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے**

**الجہ طارق (بلوچستان)، زبیرہ اسلام (ناردرن گیس)، امامہ عثمان (آرمی) غزالہ صدیق (واپڈا) نے ویمن سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کیا**

**ملک بھر سے کھلاڑی شریک، بی این پی کے پارلیمانی لیڈر نصیر شاہوانی اور ڈی جی سپورٹس کی آمد، صدر پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن نے استقبال کیا**

کوئٹہ (سپورٹس ڈیسک) چیف سیکرٹری بلوچستان نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے تیسرے روز نصیر احمد شاہوانی پارلیمانی لیڈر بلوچستان اسمبلی نے درا بلوچ ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے ہمراہ پنڈال کا دورہ کیا اور تمام میچوں کا مشاہدہ کیا نصیر احمد شاہوانی نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا واجد علی چوہدری صدر پاکستان بیڈمنٹن فیڈریشن نے معزز مہمان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کا تعاون ٹورنامنٹ کے فائنل تک جاری رہے گا مراد علی (کے پی)، عرفان سعید (واپڈا)، راجہ محمد حسنین (آرمی) اور محمد عدنان (واپڈا) مین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ الجہ طارق (بلوچستان)، زبیرہ اسلام (SNGPL)، امامہ عثمان (آرمی) اور غزالہ صدیق (واپڈا) نے ویمن سنگلز کے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا مینز اور ویمن ڈبلز کے کوارٹر فائنلز جاری ہیں گزشتہ روز کھیلے گئے مقابلوں میں مرد سنگلز کوارٹر فائنل مراد علی (کے پی) نے اویس زاہد (واپڈا) کو 12-21، 23-21، 17-21 ........ بقیہ نمبر2 صفحہ 11 پر

سے شکست دی، عرفان سعید بھٹی (واپڈا) نے محمد علی لاروش (واپڈا) کو 17-21، 21-19، 10-21 سے شکست دی راجہ حسنین (آرمی) نے انجم بشیر (آرمی) کو 15-21، 16-21 سے شکست دی قاری عدنان (واپڈا) نے شعیب ریاض (واپڈا) کو 18-21، 22-20، 18-21 سے شکست دی، ویمن سنگلز کوارٹر فائنل میں الجا طارق (بلوچستان) نے عمارہ اشتیاق (آرمی) کو 17-21، 21-19، 18-21 سے شکست دی، زبیرہ اسلام (SNGPL) نے پلوشہ بشیر (سندھ) کو 11-21، 19-21، 7-10 سے ریٹائرڈ ہرٹ سے شکست دی، امامہ عثمان (آرمی) نے ہما جاوید (واپڈا) کو 14-21، 15-21 سے شکست دی غزالہ صدیق (واپڈا) نے خضرہ رشید (واپڈا) کو 19-21، 9-21، 17-21 سے شکست دی



# تخریب کاروں کے مذموم عزائم ناکام بنائینگے، عبدالعزیز عقیلی

**پولیو مہم میں سیکورٹی کو مزید سخت کیا جائیگا، فورسز اور ورکرز کے حوصلے بلند ہیں**

**بزدلانہ حملوں کی مذمت کرتے ہیں، چیف سیکرٹری کا پشین میں انسداد پولیو اجلاس سے خطاب**

پشین (خ ن) پولیو وائرس کے بلوچستان سے مکمل خاتمے کیلئے صوبائی حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، صوبائی حکومت دیگر شراکت دار اداروں کے تعاون سے اس سلسلے میں ایک مربوط حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے اور اس وائرس کے مکمل تدارک کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے اور انہی اقدامات کے نتیجے میں بہت جلد بلوچستان سے پولیو وائرس کا خاتمہ ہوجائیگا۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

شر پسند عناصر پولیو ویکسینیشن ورکرز پر اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے اپنے مذموم عزائم میں قطعاً کامیاب نہیں ہو سکتے۔ ہمارے سیکیورٹی ایجنسیز اور پولیو ورکرز کے حوصلے بلند ہیں اور کسی بھی صورت تخریب کاروں کو اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور بحیثیت قوم ہم سب مل کر پولیو کو صوبے اور ملک بھر سے ختم کر دینگے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے پشین میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر پشین یاسر خان بازئی، صوبائی کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر سید زاہد شاہ، ڈی پی او، یونیسیف، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مختلف چیلنجز اور مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے اور مسائل آتے ہیں لیکن ہم سب نے ان کا بہادری اور ایمانداری سے مقابلہ کرنا ہے اور اپنے بچوں کو عمر بھر معذوری سے بچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں پولیو مہم میں ڈیوٹی پر مامور ہمارا ایک اہلکار شہید ہوا لیکن اس کے باوجود پولیو ورکرز اور سیکیورٹی ایجنسیز نے مہم کو جاری رکھا جس پر وہ خراج تحسین کے حقدار ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ پولیو ورکرز کی بہترین سیکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنائیں گے تاکہ مستقبل میں اس طرح کے ناخوشگوار واقعات پیش نہ آئیں۔ اس موقع پر کوآرڈینیٹر ای او سی نے اجلاس کو مہم سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 OCT 2022 Page No. 6

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت

### شہر میں آنے والی گاڑیوں کی تلاشی، اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 10 پر

سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

## فائرنگ واقعہ، ڈی آئی جی پولیس نے اسپیشل تحقیقاتی ٹیم تشکیل دیدی

### شفقت امیر، محمد ندیم، عبداللہ آفریدی، آصف غفور، ارشد جدون، مشا خان و دیگر شامل

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ اظفر مہیسر نے سیشن کورٹ کے سامنے فائرنگ کے واقعہ کی تحقیقات کے لئے اسپیشل تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے دی ایس ایس پی انویسٹی گیشن کوئٹہ اسد خان ناصر کی سربراہی میں 10 رکنی ٹیم تشکیل......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 10 پر

دے دی جس میں ایس پی سٹی شفقت امیر جنجوعہ ایس پی سٹی انویسٹی گیشن محمد ندیم، ایس پی سی آئی اے کوئٹہ عبداللہ جان آفریدی ایس ڈی پی او سٹی سرکل کوئٹہ آصف غفور ایس ڈی آئی او ارشد جدون، ایس ایچ او سول لائن مشا خان، ایس آئی او سول لائن تنظیم حسین شاہ، ایس ایچ او سی آئی اے نظام الحق ایس آئی سول لائن شہزاد بیگ شامل ہیں۔

## لیویز فورس عوام کی محافظ، جدید تربیت و اسلحہ سے آراستہ کرینگے

**ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ**

### بلوچستان کا 82 فیصد ایریا لیویز فورس کے کنٹرول میں، انویسٹی گیشن مضبوط اور بہتر سے بہتر ہونی چاہیے

### لیویز کو ہمیشہ حکومتی تعاون اور اعتماد حاصل رہے گا، زاہد سلیم، تقریب سے خطاب، جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان زاہد سلیم نے کہا ہے کہ صوبے کے طول و عرض میں لیویز فورس نے محافظانہ کردار ادا کیا قیام امن کیلئے لیویز کی بڑی قربانیاں ہیں لیویز فورس ہمارا فخر ہے اور لیویز بلوچستان کی محافظ فورس ہے مستونگ، چمن اور لورالائی میں لیویز کے جوانوں کی شہادت پر کافی دکھ ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو این او ڈی سی سے تربیت پانیوالے لیویز اہلکاروں کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس قادر بخش پرکانی بھی شریک تھے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان زاہد سلیم نے کہا کہ لیویز کے قربانیوں کی فہرست کافی لمبی ہے بلوچستان میں امن وامان کی بحالی سمیت سیلابی صورتحال اور قدرتی آفات میں لیویز فورس کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں لیویز فورس کو ہمیشہ حکومتی تعاون اور اعتماد حاصل رہا ہے بلوچستان لیویز کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانی چاہیے لیویز انویسٹی گیشن میں مزید بہتری لانے کیلئے رسالداروں اور نائب رسالداروں کو جو ٹریننگ دی گئی ہے ان سے متعلقہ اضلاع میں لیویز کے دیگر آفیسران بھی مستفید ہوں گے ماضی میں ایسے ٹریننگ کا انعقاد نہیں کرایا گیا انہوں نے بتایا کہ آئندہ دو سالوں تک یو این او ڈی سی کی جانب سے لیویز اہلکاروں کو ٹریننگ دی جائیگی جہاں پہلے مرحلے میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز اور پھر ضلعی سطح پر ٹریننگ دی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 OCT 2022 Page No. 7

## سیلاب سے متاثرہ تعلیمی اداروں کو جلد فعال کیا جائے، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی

فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین سکولوں کی حالت زار پر برہم' افسران کو سیلابی پانی نکالنے تدریس کا عمل شروع کرنے کی ہدایت

7 اسکول ایسے ہیں جن تعلیمی سرگرمیاں سیلاب کے بعد تعطل کا شکار ہیں' ڈی ای او سید ذوالفقار علی شاہ کی بریفنگ

جھل مگسی (خ ن) ضلع جھل مگسی کے تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین کی زیر صدارت منعقد ہوا محکمہ تعلیم ضلع جھل مگسی کے (ڈی ای او) ذوالفقار علی شاہ پروونشل کوارڈینیٹر (UNICEF) نقیب اللہ و دیگر متعلقہ آفیسران شریک تھے اجلاس میں حالیہ سیلاب کے باعث تعلیمی اداروں کے نقصانات و بحالی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈی ای او محکمہ تعلیم ضلع جھل مگسی سید ذوالفقار علی شاہ و دیگر ایجوکیشن آفیسران نے ڈپٹی کمشنر کو تمام تر صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ حالیہ شدید سیلاب کے باعث ضلع جھل مگسی کے تعلیمی اداروں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے خصوصاً تحصیل جھل مگسی ایریاز کوٹ مگسی، اکبرآباد اور چوکھی کے اسکولز زیادہ متاثر ہوئے ہیں اسکولز کی عمارتیں خستہ حال ہو چکی ہیں مزید انہوں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اب تک 7 اسکولز ایسے ہیں جس میں تاحال سیلابی پانی کھڑا ہے جسکی وجہ سے تعلیمی سرگرمیاں تعطل کا شکار ہیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اجلاس کے شرکا کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ فوراً اسسمنٹ رپورٹ مرتب کر کے دفتر ہذا میں پیش کی جائے جلد از جلد سیلابی پانی کے اخراج کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں جس کیلئے ہیوی مشینری اور واٹر پمپس کے ذریعے پانی نکالنے کا عمل شروع کیا جائے واٹر پمپس کے ذریعے سیلابی پانی نکال کر تمام تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کیلئے کوئی کسر نہ چھوڑی جائے مزید انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی کے سدھار و بگاڑ کا تعلق علم اور تعلیمی پس منظر سے ہوتا ہے نظم وضبط، اخلاق و اقدار تعلیمی اصلاحات ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں تعلیم کی وجہ سے قومیں ترقی کی منازل طے کر پاتی ہیں تعلیم اور بچوں کے مستقبل کے حوالے سے کوئی کوتاہی، غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

INTEKHAB QUETTA

## سیلاب سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت مکمل' کوئٹہ میں پریشر آج سے بحال ہوجائیگا

بی بی نانی کے مقام پر سیلابی ریلے کے باعث 24 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کو شدید نقصان پہنچا تھا

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی نے

سیلاب۔ بقیہ نمبر 5 2 صفحہ 7 پر

کے دوران متاثر ہونے والی 24 انچ گیس پائپ لائن کی مرمت مکمل کرلی، کوئٹہ شہر کو معمول کے مطابق پریشر آج سے بحال ہوجائے گا۔

## کوئٹہ فائرنگ کے واقعہ میں نامزد چار ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

### واقعہ سیشن کورٹ کے سامنے پیش آیا تھا، زخمی حاجی محبوب نے سول لائن تھانے میں رپورٹ درج کرائی تھی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے سیشن کورٹ کوئٹہ کے سامنے پیش آنے والے واقعہ کا مقدمہ زخمی کی مدعیت میں درج کر کے نامزد چار ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق سیشن کورٹ کوئٹہ کے سامنے پیش آنے والے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والے حاجی محبوب ولد محمد ہاشم ترین نے سول لائن تھانے میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں محمد ہارون، محمد نقل اور محمد نعیم کے ہمراہ جمعرات کو سیشن کورٹ جا رہے تھے جیسے ہی ہم سیشن کورٹ کے سامنے پہنچے تو وہاں موجود سردار کریم، خالد، محمد جمیل اور ہاشم عرف فرہاد نے گالم گلوچ اور ہاتھا پائی کرتے ہوئے فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں میرا بھائی محمد ہارون موقع پر ہی جاں بحق جبکہ میں، محمد نقل اور محمد نعیم زخمی ہو گئے، دائیں نامزد ملزمان کی فائرنگ سے انکا اپنا ساتھی ہاشم عرف فرہاد بھی جاں بحق ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ نامزد ملزمان سوشل میڈیا پر ہمارے خلاف غلط بیانی اور نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہوئے گالم گلوچ کر رہے تھے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے بروقت کارروائی کرتے ہوئے نامزد چاروں ملزمان کو گرفتار کر کے واقعہ میں استعمال ہونے والی دو نائن ایم ایم ایک ٹی ٹی قبضے میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی۔

## دکی: مسلح افراد کی کوئلہ کانوں کے کمپریسر اور پانی کی ٹنکیوں پر فائرنگ

دکی (آن لائن) معراج ایریا میں نامعلوم مسلح افراد نے کوئلہ کانوں کے کمپریسر اور پانی کے ٹینکیوں پر فائرنگ کی وجہ سے کمپریسروں کو نقصان پہنچا ہے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے مزدوروں کو لوٹ کر نقدی اور موبائل فون بھی چھین لئے۔ مسلح افراد لوٹ مار کے بعد فرار ہو گئے۔ پولیس نے واقع کی ایف آئی آر پٹی ٹھیکیدار خیر محمد کی مدعیت میں درج کر لی۔ ایف آئی آر تین نامزد جبکہ چار نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لی گئی ہے۔ نامزد ملزمان میں عبدالحئی بوتی، علی گل اور عبدالرحیم شامل ہیں۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔

## دکی، جرم ثابت ہونے پر ملزم کو پانچ سال قید و جرمانہ

دکی (خ ن) ایڈیشنل سیشن جج دکی کے عدالت نے جرم ثابت ہونے پر ملزم کو پانچ سال قید کی سزا سنا دی، عدالت نے کلاشنکوف برآمدگی کیس میں ملزم وزیر محمد ولد صندو خان کو جرم ثابت ہونے پر پانچ سال قید اور پانچ ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ قبل ازیں ملزم کے خلاف پولیس نے کلاشنکوف برآمدگی کیس 13E کے تحت ملزم کے خلاف مقدمہ فرد نمبر 54/2022 پولیس تھانہ دکی میں درج کر کے چالان عدالت میں جمع کروایا تھا، استغاثہ کی جانب سے کیس کی پیروی ڈسٹرکٹ اٹارنی نے کی جبکہ ملزم کی جانب سے نسیم لقمان نے بطور وکیل صفائی کیس کی پیروی کی۔

## ہرنائی: دو گروپوں میں تصادم چار افراد زخمی

ہرنائی (نامہ نگار) ٹاکس اڈے میں دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہرنائی منتقل کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 OCT 2022 Page No. 12

# بلوچستان میں غذائی قلت کی صورتحال سنگین، 47 فیصد بچے سوکھے پن کا شکار

عمر کے مطابق کم وزن کے بچوں کی شرح بلوچستان میں 31 فیصد ،بچوں کو دودھ پلانے کی شرح 43.9 فیصد ، صاف پانی کی فراہمی کی شرح سب سے کم 75.3 فیصد ہے

متاثرہ علاقوں سمیت تمام اضلاع میں غذائی قلت کے سدباب کیلئے کام کرنیوالے اداروں کو قریبی رابطہ کاری کے ذریعے کثیر الجہتی اقدامات کرنا ہونگے ، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پانچ سال سے کم عمر کے بچوں میں غذائی قلت کی شرح دوسرے صوبوں سے زیادہ ہے غذائی قلت کے باعث 46.6 فیصد بچے سٹنٹنگ (سوکھے، دبلے پن) کا شکار ہیں جو کہ ایک تشویش ناک صورتحال ہے عمر کے مطابق کم وزن کے بچوں کی شرح بلوچستان میں 31.0 فیصد جبکہ بچوں کو دودھ پلانے کی شرح 43.9 فیصد ہے بلوچستان میں صاف پانی کی فراہمی کی شرح سب سے کم 75.3 فیصد ہے جس سے غذائی قلت اور دیگر مسائل پیدا ہو رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر شبیر احمد مینگل کی سربراہی میں ملنے والے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان غذائی قلت کے باعث ایمرجنسی نافذ ہے دوسری جانب حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال کے بعد نصیر آباد اور کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں غذائی قلت نے سر اٹھایا ہے جس میں خوراک کی کمی، لاغر پن، عمر کے مطابق بچوں کے وزن اور خون کی کمی کے مسائل شامل ہیں جس سے نبرد آزما ہونے کے لئے جامع حکمت عملی کی تشکیل ضروری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں سمیت تمام علاقوں میں غذائی قلت کے سدباب کے لیے کام کرنے والے تمام سرکاری اور عالمی و مقامی اداروں کو قریبی رابطہ کاری کے ذریعے کثیر الجہتی اقدامات کرنا ہوں گے انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں جہاں ضروری قانون سازی کی ضرورت محسوس ہوئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 29 OCT 2022

Page No. 13

## بلوچستان میں صحت کا شعبہ، موجودہ حکومت کی توجہ کا طلبگار

بلوچستان میں صحت کے شعبے پر خطیر رقم ہر بجٹ میں مختص کرنے کے باوجود کوئی بڑی تبدیلی دیکھنے میں نہیں آرہی۔ بلوچستان کے سب سے بڑے سرکاری اسپتالوں سے لے کر چھوٹے بڑے شہراور دیہاتوں کے سرکاری اسپتالوں میں سہولیات کے مسائل اپنی جگہ برقرار ہیں۔ پچھلی حکومتوں کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے میں انقلاب لایا جائے گا عوام کو ان کی دہلیز پر تمام تر سہولیات میسر آئینگی مگر افسوس کہ صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی۔ بلوچستان کے غریب عوام علاج معالجے کی غرض سے دیگر صوبوں کا رخ محض اس لیے کرتے ہیں کہ بلوچستان کے اسپتالوں میں سہولیات دستیاب نہیں جسے دیکھنا ضروری ہے تاکہ غریب عوام کی مشکلات میں کمی آسکے۔ گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے فاطمہ جناح چیسٹ ڈیزیز انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کا شعبہ انتہائی اہم اور ضروری ہے، اس کی ترقی اور ہسپتالوں کو جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ہیلتھ سیکٹر میں اصلاحات اور عام آدمی کو بہترین اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کا عزم ہے اور اس شعبہ کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور عوام کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طب کا پیشہ ایک مقدس پیشہ ہے اور ڈاکٹر عوام کی خدمت بالخصوص شعبہ طب میں انسانی جذبے اور احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں اور ڈاکٹروں کو ہسپتالوں میں ہیلتھ کیئر کی بہترین سہولتیں ملنا ان کا حق ہے اور حکومت یہ حق ان کو ہر قیمت پر فراہم کرے گی اور اس مقصد کیلئے سرکاری ہسپتالوں میں معیاری اور جدید طبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے ہر ضروری اقدام اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے کہ عوام کو معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی کے ساتھ ساتھ معیاری ادویات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام ہسپتالوں میں دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق جدید مشینری بھی جلد مہیا کی جائے گی تاکہ عوام کو طبی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر ہوں۔ چیف سیکرٹری نے ہسپتال میں 6 بستروں پر مشتمل وینٹیلیٹر آئی سی یو، آکسیجن پلانٹ اور تھوراسک سرجری وارڈ کا افتتاح بھی کیا۔ انہوں نے اسپتال کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے یقین دہانی بھی کرائی۔ بلوچستان حکومت کو چاہئے کہ صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جو مسائل اس وقت سرکاری اسپتالوں میں موجود ہیں انہیں فوری حل کیا جائے تاکہ عوام دیگر صوبوں میں علاج کے لیے جانے پر مجبور نہ ہوں۔ ماضی کے تجربات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بڑے پیمانے پر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔ امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اس اہم شعبے کے اندر موجود معاملات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے انہیں حل کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگے تاکہ عوام کا دیرینہ مسئلہ صحت کے حوالے سے حل ہوسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 29 OCT 2022 Page No.



چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی پشین میں انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



پشین، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



غیرقانونی ٹرالرکی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بذریعہ وڈیولنک شریک ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی پشین میں انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



غیرقانونی ٹرالرکی روک تھام کے سلسلے سے منعقدہ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بذریعہ ویڈیولنک شریک ہیں